04.10.2026

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... حبیب الرحمن

Music

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ دنیا کے بدلتے ہوئے منظرنامے سے، ابھرتی ہوئی اور اوسط درجے کی طاقتوں کے مابین تعاون کے نئے موقعے پیدا ہو رہے ہیں۔ انھوں نے امن، مضبوط سپلائی چین اور کنکٹی ویٹی کو اِن کا اہم ایجنڈا قرار دیا۔

☆ دیہی ترقی کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے آندھراپردیش کو تین لاکھ سے زیادہ مکانات سپرد کئے، جن کی لاگت تین ہزار 600 کروڑ روپے ہے۔ انھوں نے 3D کنکریٹ پرنٹنگ ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے پہلے آزمائشی ہاؤسنگ پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔

☆ تمل ناڈو، پڈوچیری اور مغربی بنگال میں پانچ اسمبلی سیٹوں اور آسام میں ایک لوک سبھا حلقے کیلئے ضمنی چناؤ کی مہم اپنے اختتام کو پہنچی۔ ووٹنگ منگل کو کرائی جائے گی۔

☆ ایران نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز اُس وقت تک بند رہے گی جب تک امریکہ اُس کی 7 شرطیں پوری نہیں کردیتا۔ ایران کا ارادہ ہے کہ وہ اپنے میزائلوں کی قسموں میں اضافہ کرے گا۔

☆ اور ایشین گیمز 2026، جاپان میں جگمگاتی ہوئی ایک تقریب کے دوران اپنے اختتام کو پہنچے۔ بھارت 85 تمغوں کے ساتھ چوتھے مقام پر رہا۔ اُس نے سونے کے 21 تمغ حاصل کئے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے......

Jaishankar Munich Leaders Meeting

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بین الاقوامی امن وسلامتی، سپلائی چین کی مضبوطی اور کنکٹی ویٹی وہ اہم شعبے ہیں، جن میں ابھرتی ہوئی اور اوسط درجے کی طاقتیں، اہم رول ادا کرسکتی ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر آج نئی دلّی میں 62ویں میونخ سلامتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ دنیا، اِس کا ایجنڈا اور اِس کا جغرافیائی و سیاسی منظرنامہ، یہ سب اہم تبدیلیوں کے مرحلے سے گزر رہے ہیں، جس سے ابھرتی ہوئی اور اوسط درجے کی طاقتوں کے مابین تعاون کا ایک خاطر خواہ ماحول پیدا ہو رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ سب امریکہ کی ایک نئی حیثیت قائم ہونے، چین کے ترقی کرنے اور بڑھتے ہوئے عالمی انحصار کے مترادف ہے۔

S/B 2100 S Jaishankar

کواڈ کو ایک مثال کے طور پر پیش کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اس سے اوسط درجے کی طاقتوں کے مابین تعاون کا اظہار ہوتا ہے۔

S/B 2100 S Jaishankar on QUAD

وزیر خارجہ نے جدید ترین مینوفیکچرنگ سیمی کنڈکٹرس مصنوعی ذہانت **AI** اور خلا سے متعلق صلاحیتوں کو ایسے اہم شعبے قرار دیا، جن میں بھارت–یورپی یونین تعاون میں توسیع کی جاسکتی ہے۔**x**

PM 25 Years Criminal Laws

وزیر اعظم نریندر مودی کی عوامی خدمت کے **25**برس مکمل ہو رہے ہیں، جو ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے منتر پر مبنی ہے اور اِس انتھک عزم کا سلسلہ جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اِس نظریے کے تحت حکومت **2047** تک وکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی خاطر انتھک کام کر رہی ہے۔ آج اپنی خصوصی سیریز میں ہم تذکرہ کر رہے ہیں کہ فوجداری کے تین نئے قوانین کے ذریعے انصاف کے حصول کو کس طرح آسان بنایا گیا ہے۔ یہ قوانین بھارتیہ نیائے سنہتا **2023(BNS)**، بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا **2023(BNSS)** اور بھارتیہ ساکشیہ ادھینیم **2023(BSA)** ہیں۔

VC Saklen Akhtar

یکم جولائی **2024**سے نافذ ہونے والے نئے فوجداری قوانین شہریوں کو بااختیار بنانے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔ ان قوانین کا مقصد سب کیلئے ایک مزید قابل رسائی، معاون اور انصاف کا ایک مؤثر نظام تشکیل دینا ہے۔ نئے فوجداری قوانین کے تحت زیرو ایف آئی آر، جلد تحقیقات، مقدمات کے التوا کو کم کرنا، فورینسک شواہد اکٹھا کرنا اور ویڈیو گرافی، نیز ایسے جرائم کیلئے دفعات مقرر کی گئی ہیں، جن کے ارتکاب صنفی لحاظ سے نہ کیا گیا ہو۔نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کے بعد ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارتیہ نیائے سنہتا کا بنیادی منتر ''شہری مقدم'' کا ہے۔

انھوں نے کہا کہ یہ قانون شہریوں کے حقوق کی حفاظت کرنے والا ہے اور اِس سے انصاف کی آسان فراہمی ہوسکے گی۔

S/B: Narendra Modi

ایک بڑی قانونی اصلاح کے تحت بھارتیہ نیائے سنہتا، **2023**میں منظم جرائم سے نمٹنے اور خواتین و بچوں کی سلامتی کو اور پختہ کرنے کیلئے سخت دفعات متعارف کرائی گئی ہیں۔ ایسا پہلی بار ہے کہ ماب لنچنگ کو دفعہ **103** کی ذیلی دفعہ **2** کے تحت ایک الگ جرم قرار دیا گیا ہے۔

اگر پانچ یا اس سے زیادہ افراد نسل، ذات، برادری، جنس، جائے پیدائش، زبان یا ذاتی عقیدے کی بنیاد پر کسی شخص کا قتل کرتے ہیں تو ہر مجرم کو عمر قید یا سزائے موت کے ساتھ ساتھ جرمانے کی سزا دی جا سکتی ہے۔

دلّی ہائی کورٹ کے وکیل سنیل کمار نے آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت میں کہا کہ نئے فوجداری قوانین میں منظم جرائم، دہشت گردی اور ماب لنچنگ سے متعلق دفعات شامل کی گئی ہیں، جبکہ ڈیجیٹل شواہد کو بھی تسلیم کیا گیا ہے اور الیکٹرانک FIR کے اندراج کی بھی سہولت رکھی گئی ہے۔

S/B: Sunil Kumar

نئی دلّی سے ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسلم بیگ

Chouhan AP Housing

زراعت اور کسانوں کی بہبود نیز دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے آج تین لاکھ مکانات کی پہلی کھیپ آندھراپردیش کے سپرد کی، جن پر تین ہزار 600 کروڑ روپئے کی لاگت آئی ہے۔ یہ مکانات پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے دوسرے مرحلے کے تحت آندھراپردیش کے سپرد کئے گئے ہیں۔ اس کیلئے گنٹور ضلع میں ایک تقریب منعقد کی گئی۔

جناب چوہان نے پہلے آزمائشی ہاؤسنگ پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھا، جس میں 3D کنکریٹ پرنٹنگ ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے گا۔ اِس کے تحت 14 کروڑ روپئے کی لاگت سے 177مکانات تعمیر کئے جائیں گے۔

آندھراپردیش کے وزیر اعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو بھی اِس موقع پر موجود تھے۔

مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے اِس پروجیکٹ کو دیہی مکانات کو جدید شکل دیئے جانے کی جانب ایک بڑا قدم قرار دیا۔

S/B 2100 Shivraj Singh Chouhan

Poll Campaign

تمل ناڈو، پڈوچیری اور مغربی بنگال میں پانچ اسمبلی حلقوں اور آسام میں ایک لوک سبھا حلقے کے ضمنی چناؤ کی مہم آج ختم ہوگئی۔

منگل کو اِن 6سیٹوں کیلئے پولنگ کرائی جائے گی اور ووٹوں کی گنتی جمعہ کو کی جائے گی۔ اسمبلی حلقوں کی پولنگ تمل ناڈو میں Madurantakam اور دھاراپورم، پڈوچیری میں Thattanchavady اور مغربی بنگال میں Rejinagar، نیز نندی گرام میں کرائی جائے گی۔ آسام میں پولنگ، ناگاؤں لوک سبھا حلقے میں کرائی جائے گی۔

یہ اسمبلی سیٹیں موجودہ قانون ساز ارکان کی طرف سے استعفیٰ دیے جانے کی وجہ سے خالی ہوگئی تھیں جبکہ ناگاؤں لوک سبھا سیٹ، کانگریس رہنما Pradyut Bordoloi کے استعفے کے بعد خالی ہوگئی تھی۔

اِسی دوران، BJP نے دِنیش آریہ کو اتراکھنڈ میں راجیہ سبھا کے دو سال میں ایک بار ہونے والے آئندہ انتخاب کیلئے پارٹی امیدوار کے طور پر اُتارا ہے۔ BJP نے رُکمنی مَلِک کا نام مغربی بنگال میں راجیہ سبھا کے ضمنی چناؤ کے اپنے امیدوار کے طور پر پیش کیا ہے۔
اترپردیش اور اتراکھنڈ نیز مغربی بنگال میں ضمنی پولنگ اِس مہینے کی 16 تاریخ کو کرائی جائے گی۔x

Kautilya Conclave

اعداد وشمار اور پروگرام پر عملدرآمد کی وزارت کے سکریٹری سوربھ گرگ نے آج کہا ہے کہ بھارت کی اقتصادی مضبوطی، جسے کارپوریٹ کی جانب سے پختہ کارکردگی اور مستقل سرمایہ کاری کی مدد حاصل ہے، اب مختلف بین الاقوامی ایجنسیوں کے، بھارت کی ترقی سے متعلق تخمینوں سے، اونچائی کی طرف بڑھتی ہوئی ظاہر ہو رہی ہے۔
نئی دلّی میں کوٹلّیا اقتصادی کنکلیو سے الگ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب گرگ نے کہا کہ بھارتی معیشت نے مالی سال 27-2026 کی پہلی سہ ماہی میں، سات اعشاریہ آٹھ فیصد شرحِ ترقی حاصل کرنے کے بعد، اپنی رفتار برقرار رکھی ہے۔
انھوں نے کہا کہ کارپوریٹ کی مضبوط کارکردگی اور پرائیویٹ شعبے سمیت لگاتار اثاثہ سرمایہ کاری، مثبت اقتصادی رجحان کے اہم ترین عناصر میں شامل ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ یہ رفتار بین الاقوامی درجہ بندی ایجنسیوں اورتحقیق کرنے والی کمپنیوں کی طرف سے بھارت کی شرح ترقی کے اندازوں میں حالیہ اضافوں سے بھی ظاہرہوتی ہے۔

UP CM Bhadohi Rename

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اعلان کیا کہ بھدوہی ضلع، اب سَنت روی داس نگر بھدوہی کے طور پر جانا جائے گا۔ بھدوہی میں منعقدہ آج ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نئے نام سے قرونِ وسطیٰ کے سادھو سَنت اور سماجی مصلح سَنت روی داس کی ضلعے سے وابستگی کا اظہار ہوتا ہے۔ اِس موقع پر وزیر اعلیٰ نے ایک ہزار 340 کروڑ روپے کے 112 ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ x

India Canada CEPA

بھارت اور کینیڈا کل سے اوٹاوا میں جامع اقتصادی شراکت داری کے اپنے مجوزہ معاہدے CEPA کے بارے میں پانچویں دور کے مذاکرات شروع کریں گے، کیونکہ دونوں ملکوں کا مقصد اِس تجارتی معاہدے کو 2026 کے اواخر تک مکمل کرلینا ہے۔ دونوں ملکوں کے اعلیٰ مذاکراتکاروں کی قیادت میں یہ پانچ روزہ مذاکرات، اِس مہینے کی 9 تاریخ تک جاری رہیں گے۔ گذشتہ دور کی بات چیت نئی دلّی میں پچھلے مہینے 18 تاریخ کو مکمل ہوئی تھی، جس کے تحت افسران ایک قطعی معاہدے کی جانب تیز تر پیشرفت پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں۔
اس سال مارچ میں وزیر اعظم نریندر مودی اور کینیڈا کے اُن کے ہم منصب مارک کارنی نے طے کیا تھا کہ دونوں ملکوں کے درمیان CEPA مذاکرات سال کے آخر تک مکمل کرلیے جائیں گے۔ اِس کے علاوہ نئی دلّی

میں اپنی میٹنگ کے دوران توانائی اور اہم معدنیات کے شعبوں میں دوطرفہ تال میل میں گہرائی لانے سے اتفاق کیا تھا۔اشیا کے شعبے میں، بھارت – کینیڈا کی دو طرفہ تجارت، 2024-25 کے دوران، آٹھ ارب 66 کروڑ امریکی ڈالر تھی، جبکہ اِس ملک کیلئے بھارت کی برآمدات چار ارب 22 کروڑ امریکی ڈالر تھی۔x

Rev Iran US Conflict

ایران نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز اُس وقت تک دوبارہ نہیں کھولی جائے گی، جب تک امریکہ اُن 7 شرطوں کو پورا نہیں کردیتا، جو جون کے ایک عبوری معاہدے میں پیش کی گئی ہیں۔

ایران کے سرکاری میڈیا نے آج پارلیمنٹ اسپیکر محمد باقر قالیباف کے حوالے سے بتایا کہ انھوں نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے پر ایران کا موقف پوری طرح واضح اور مصمم ہے۔

انھوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کو دوبارہ اُس وقت تک نہیں کھولا جائے گا، جب تک اُس کی ساتوں شرطیں پوری نہیں ہوجائیں گی۔ یہ شرطیں، اسلام آباد مفاہمت نامے پر مبنی ہیں۔

اس کے علاوہ ایرانی فوج کے ترجمان محمد اَکرامینیا نے کہا کہ ایران، امریکہ کے ساتھ اپنی حالیہ جنگ کے بعد اپنے میزائلوں کی تعداد میں اضافہ کرے گا۔

ایک خبر ایجنسی سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اِس تنازع سے ایران کی یہ ضرورت اجاگر ہوگئی ہے کہ وہ طویل دوری کے میزائل تیار کرے اور ملک نے اِس طرح کے اقدامات شروع کردیئے ہیں۔x

Swiss President Visit

سوئٹزر لینڈ کے صدر Guy Parmalin، بھارت کے تین روزہ دورے کیلئے کل نئی دلّی پہنچیں گے۔ وہ اعلیٰ سطحی وفد، سینئر افسران اور کاروباری لیڈروں کے ساتھ میٹنگ کریں گے۔ وزیر اعظم مودی اور صدر Parmelin، مختلف معاملات سمیت دو طرفہ تعاون میں پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے باہمی بات چیت کریں گے۔ x

Asian Games Closing

جاپان کے آئچی–ناگویا میں منعقدہ شاندار تقریب کے ساتھ ایشین گیمز اختتام پذیر ہوگئے۔ اس دوران 43 کھیلوں کیلئے دو ہفتوں سے زیادہ جاری رہنے والے سنسنی خیز مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ اختتامی پروگرام میں روایتی طور پر کھلاڑیوں کی پریڈ، ایشین گیمز کے پرچم کو اتارنے اور 2030 کے میزبان شہر، دوحہ کو باضابطہ طور پر میزبانی سونپنے کی تقریب شامل تھی۔ایشین گیمز کی علامت سمجھے جانے والی مشعل اور پرچم، قطر کے نمائندوں کے حوالے کیے گئے، جس کے ساتھ اگلے ایشیائی کھیلوں کی میزبانی کی باضابطہ طور پر منتقلی عمل میں آئی۔

اختتامی تقریب میں بھارتی ترنگا اٹھانے کا اعزاز شوٹنگ کی ابھرتی ہوئی بھارتی خاتون کھلاڑی نیرو دھانڈا کو حاصل ہوا۔ سونے کے دو تمغ جیتنے والی نیرو نے اِس قابلِ فخر لمحے میں بھارتی دستے کی قیادت کی۔

بھارت، مجموعی تمغوں کی فہرست میں چین، جاپان اور جنوبی کوریا کے بعد چوتھے مقام پر رہا۔ بھارتی دستہ

85 تمغوں کے ساتھ وطن واپس لوٹا، جن میں سونے کے 21، چاندی کے 27اور کانسے کے 37 تمغے شامل ہیں۔
یہ ایشین گیمز کی تاریخ میں بھارت کی دوسری سب سے بڑی تمغوں کی تعداد ہے، جو صرف 2023 میں ہانگژو میں حاصل کیے گئے ریکارڈ تمغوں کی تعداد سے کم ہے۔ x

OPEC Production

سات OPEC پلس ملکوں سعودی عرب، روس، عراق، کویت، قزاخستان، الجیریا اور عُمان نے ستمبر 2026 کے اپنے پیداوار کوٹے میں، نومبر کیلئے کوئی تبدیلی نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ آج ایک ورچوئل میٹنگ کے دوران کیا گیا، جس میں ملکوں نے تیل کی عالمی مارکیٹ کے حالات اور مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا۔ یہ گروپ، ہر مہینے میٹنگ کا انعقاد کرے گا اور اگلی میٹنگ یکم نومبر کو منعقد کی جائے گی۔
اِس کے علاوہ مشترکہ وزارتی مانیٹرنگ کمیٹی JMMC کی 68ویں میٹنگ میں بین الاقوامی سمندری راستوں اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے کے تحفظ کی اہمیت پر زور دیا گیا اور خبردار کیا گیا کہ حملوں اور رُکاوٹوں کی وجہ سے مارکیٹ میں اُتار چڑھاؤ میں اضافہ ہوسکتا ہے اور توانائی کی سپلائی متاثر ہوسکتی ہے۔x

IMD Weahter

بھارتی محکمۂ موسمیات، IMD نے کرناٹک کے ساحلی اور جنوب اندرونی علاقوں، کیرالم، ماہے، تمل ناڈو اور پدوچیری میں اگلے دو سے تین دن کیلئے شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا کہ آندھرا پردیش، تلنگانہ، اتراکھنڈ، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی علاقوں، سکّم، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں کل گرج چمک کے ساتھ آندھی اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ اس دوران کونکن اور گوا میں گرم اور حبس والا موسم رہنے کا امکان ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆